فوری ریلیز کے لیے: 2023/21/4 گورنر **KATHY HOCHUL**

***گورنر HOCHUL نے ریاست میں 19 نئی تصدیق شدہ ماحولیاتی سمارٹ کمیونٹیز کا اعلان کر دیا***

***یہ مقامی اقدامات ریاست کی ماحولیاتی قیادت والی حیثیت اور کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کی حمایت کرتے ہیں***

***تصدیق شدہ کمیونٹیزگرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی لانے اور مقامی ماحولیاتی قوت کی تعمیر کرنے والے ماڈل ہیں***

***ریاست نیو یارک کے گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کے ڈویژن نے ماحولیاتی سمارٹ کمیونٹیز پروگرام میں شمولیت اختیار کر لی***

***ریاست نیویارک کا یوم ارض 2023 کا اعلامیہ یہاں پڑھیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج ریاست نیو یارک کے کلائمیٹ اسمارٹ کمیونٹیز پروگرام کے جزو کے طور پر سرٹیفکیشن حاصل کرنے کی خاطر کمیونٹیز کے لئے تازہ ترین دور کا اعلان کیا جو موسمیاتی اور آب و ہوا کی تبدیلی سے پیدا ہونے والے معاشی، سماجی اور ماحولیاتی چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے مقامی کوششوں کی مدد و حمایت کرتا ہے۔ یہ اعلامیہ 19 مقامی حکومتوں کی جانب سے موسمیاتی تبدیلی وں کو کم کرنے اور اس کے مطابق ڈھالنے کے لئے بامعنی اقدامات کو اجاگر کرتا ہے۔ یہ اعلان نیویارک میں ایک ہفتے تک جاری رہنے والے ہفتہ ارض کی تقریبات کے دوران کیا گیا تھا۔گورنر نے ایک اعلامیہ بھی جاری کیا جس کے ذریعے 22 اپریل، 2023 کو ریاست نیویارک میں 'یوم ارض' کے طور پر مقرر کیا گیا ۔

"اس 'ہفتہ ارض' کے موقع پر ہم ایک صاف ستھرے، زیادہ پائیدار مستقبل کی تعمیر کی جانب نیو یارک کی پیش رفت کا جشن منا رہے ہیں اور موسمیاتی تبدیلیوں آب و ہوا سے متعلق ہمارا سمارٹ کمیونٹیز پروگرام ان اہداف کو حاصل کرنے میں ہمارے لئے کلیدی حیثیت رکھتا ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "باہمی تعاون کا یہ مشترکہ پروگرام مقامی حکومتوں کو بدلتے موسمی حالات کے چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے اقدامات کرنے کا اختیار دیتا ہے۔ میں ان کمیونٹیز کو ایسے اقدامات پر عمل درآمد کرنے پر سراہتی ہوں جو موسمیاتی تبدیلی کے جاری اثرات کے مطابق خود کو ڈھال لیں اور سخت موسمیاتی حالات کا مقابلہ کرنے کے لئے کمیونٹی کی قوت اور استعداد میں اضافہ کریں۔"

ماحولیاتی سمارٹ کمیونٹی کی سرٹیفکیشن حاصل کرنے کی خاطر کمیونٹیز ایسی منصوبہ بندی اور اقدامات پر عملدرآمد کرکے پوائنٹس اکٹھے کرتی ہیں جن کے نتیجے میں گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی آئے اور ماحولیاتی تبدیلی کے بگڑتے ہوئے اثرات سے نمٹنے کے لیے کمیونٹی کی قوت اور استعداد میں اضافہ ہو۔ ابھی حال ہی میں، 18 نئی کمیونٹیز نے کامیابی کے ساتھ بطور نئے رہنماؤں کے تسلیم کیے جانے کے کانسی درجے والے معیارات پورے کیے جبکہ بیڈفورڈ کا ٹاؤن کانسی سے چاندی کے درجے پر پہنچ گیا - جو کامیابی کا اعلی ترین دستیاب درجہ ہے۔

**دارالحکومت کا علاقہ**
ٹاؤن آف کنعان (کولمبیا کاؤنٹی) - کانسی

ٹاؤن آف چیٹہیم (کولمبیا کاؤنٹی) - کانسی
ٹاؤن آف کولونی (البانی کاؤنٹی) - کانسی
کولمبیا کاؤنٹی - کانسی
ٹاؤن آف گھینٹ (کولمبیا کاؤنٹی) - کانسی
ٹاؤن آف ہلز ڈیل (کولمبیا کاؤنٹی) - کانسی
کندرہوک گاؤں (کولمبیا کاؤنٹی) - کانسی
ٹاؤن آف تاغکانک (کولمبیا کاؤنٹی) - کانسی

**مرکزی نیویارک**
فائٹ ویلے گاؤں (اونونداگا کاؤنٹی) - کانسی
ٹلی گاؤں (اونونداگا کاؤنٹی) - کانسی

**فنگر لیکس**
ٹاؤن آف ہینریٹا (مونرو کاؤنٹی) - کانسی
مونرو کاؤنٹی - کانسی
سودس گاؤں (وین کاؤنٹی) - کانسی

**مڈ-ہڈسن**
ٹاؤن آف بیدفورڈ (ویسٹچسٹر کاؤنٹی) - کانسی
ٹاؤن آف ہرلے (اولسٹر کاؤنٹی) - کانسی
ٹاؤن آف یونین ویل (ڈچیس کاؤنٹی) - کانسی
واروک گاؤں (اورنج کاؤنٹی) - کانسی
سٹی آف وائٹ پلینز (ویسٹچسٹر کاؤنٹی) - کانسی

**جنوبی سلسلہ**
ٹاؤن آف نیو فیلڈ (ٹامپکنز کاؤنٹی) - کانسی

تصدیق شدہ ماحولیاتی سمارٹ کمیونٹیز کی جانب سے مکمل کردہ عملی اقدامات کی مکمل فہرست یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

گورنر نے یہ بھی اعلان کیا کہ نیو یارک اسٹیٹ ڈویژن آف ہومز اینڈ کمیونٹی رینیوئل (HCR) گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے اور آب و ہوا کی تبدیلی کے اثرات کے لئے تیار رہنے میں مقامی حکومتوں کی حوصلہ افزائی اور مدد کرنے کے لئے ریاست کی انٹر ایجنسی کلائمیٹ اسمارٹ کمیونٹیز کی کوششوں میں تازہ ترین شراکت دار بن گیا ہے۔ HCR اس پروگرام کو اسپانسر کرنے میں متعدد دیگر ریاستی اداروں کے ساتھ شامل ہوا ہے جن میں نیو یارک اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف انوائرنمنٹل کنزرویشن (DEC)، ڈپارٹمنٹ آف پبلک سروس، ڈپارٹمنٹ آف سٹیٹ، محکمہ ٹرانسپورٹیشن، محکمہ صحت، نیو یارک اسٹیٹ انرجی ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی (NYSERDA)، اور نیو یارک پاور اتھارٹی (NYPA) شامل ہیں۔

**ریاست نیویارک کے محکمہ ماحولیاتی تحفظ کے کمشنر Basil Seggos نے کہا،** "DEC کلائمیٹ سمارٹ کمیونٹیز کی ٹیم میں شامل ہونے پر گھروں اور کمیونٹی تجدید کو سراہتا ہے اور تصدیق شدہ کمیونٹیز کے اقدامات کا معترف ہے جو ریاست بھر میں میونسپلٹیوں کے لئے ماڈل کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ یہ مقامی ماحولیاتی رہنما صاف توانائی شامل کرنے، گرین ہاؤس گیسوں کا اخراج کم کرنے، اور اپنی برادریوں کو فائدہ پہنچانے اور انہیں ہماری بدلتی ہوئی آب و ہوا کے نتائج سے بچانے کے لئے ماحولیاتی قوت حاصل کرنے والے منصوبوں کو نافذ کرنے کے لئے کام کر رہے ہیں۔"

**ریاست نیویارک کے گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کے ڈویژن کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا،** "HCR کو ریاست کے کلائمیٹ سمارٹ کمیونٹیز پروگرام میں شامل ہونے اور نیو یارک بھر میں مقامی حکومتوں کے ساتھ مل کر ایسے اقدامات پر عمل درآمد کرنے پر فخر ہے جو ان کے اپنے گھروں میں آب و ہوا کی تبدیلی کے اثرات کم کرنے اور ان کا مقابلہ کرنے میں مدد کریں گے۔ موسمیاتی اور آب و ہوا کی تبدیلیوں کے اثرات کو سنجیدگی سے لینے اور انکا مقابلہ کرنے کے لئے گورنر Hochul کے عزم کا شکریہ اور آج اعزاز حاصل کرنے 19 نئی کلائمیٹ سمارٹ کمیونٹیز کو بہت بہت مبارکباد۔"

2009 میں تشکیل شدہ، مابین الایجنسی ماحولیاتی اسمارٹ کمیونٹیز پروگرام مقامی حکومتوں کو مقامی طور پر ماحولیاتی عملی اقدام کرنے کے لیے رہنمائی اور تکنیکی معاونت فراہم کرتا ہے۔ ماحولیاتی اسمارٹ کمیونٹی بننے کا پہلا مرحلہ یہ ہے کہ اخراجات کو کم کرنے اور ماحولیاتی تبدیلی کے مطابق ہم آہنگی اپنانے کا عہد کرتے ہوئے رجسٹر کروایا جائے۔ اج تک، نیو یارک کے 9.4 ملین سے زیادہ باشندوں کی نمائندگی کرنے والی 377 مقامی حکومتوں نے کلائمیٹ سمارٹ کمیونٹیز کے عہد کو اپنایا ہے۔ یہ سرٹیفکیشن پروگرام 2014 میں شروع کیا گیا تھا تاکہ موسمیاتی اور آب و ہوا سے متعلق اقدامات کرنے والی برادریوں کی کامیابیوں کو دستاویزی شکل دی جائے اور ان اقدامات پر انہیں سراہا جائے۔ آج کی نئی کمیونٹیز کے اضافے سے نیویارک کی تصدیق شدہ کلائمیٹ سمارٹ کمیونٹیز کی مجموعی تعداد 118 ہو گئی ہے - جن میں سے 10 چاندی کی درجے پر ہیں اور 108 کانسی کے درجے پر ہیں۔

ماحولیاتی اسمارٹ کمیونٹیز کے سرٹیفکیشن پروگرام کے بارے میں مزید معلومات یہاں ملاحظہ کریں۔

کلائمیٹ سمارٹ کمیونٹیز کے کوآرڈینیٹرز ریاست بھر میں میونسپلٹیوں کو مفت تکنیکی مدد فراہم کرتے ہیں اور مقامی حکومتوں کو گرین ہاؤس گیسوں کا اخراج کم کرنے میں مدد و معاونت فراہم کرنے، منصوبہ بندی، تعلیم اور صلاحیت سازی کے ذریعے موسمیاتی اور آب و ہوا کی تبدیلیوں کے مطابق خود کو ڈھالنے والے اقدامات کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ ماحولیاتی اسمارٹ کمیونٹی کے کسی کوآرڈینیٹر سے رابطہ کرنے کے لیےیہاں جائیں۔

**NYSERDA کا کلین انرجی کمیونٹیز پروگرام**
آج تسلیم شدہ تمام کمیونٹیز NYSERDA کے اس کلین انرجی کمیونٹیز پروگرام میں بھی شامل ہیں جو مقامی حکومتوں کو صاف توانائی والے اقدامات نافذ کرنے اور بجلی کے اخراجات میں بچت کرنے میں مدد دیتا ہے۔ مزید برآں، 19 تصدیق شدہ کلائمیٹ سمارٹ کمیونٹیز میں 18 کو کلین انرجی کمیونٹیز کے طور پر بھی مقرر کیا گیا ہے۔ NYSERDA کی مقرر کردہ کم از کم چار اعلی اثرات والے اقدامات کو مکمل کرنے والی کمیونٹیز کو کلین انرجی کمیونٹیز کے طور پر بھی مقرر کیا گیا ہے اور وہ کم کاربن والے لائحہ عمل تعینات کرنے میں مدد کے لئے گرانٹس کی اہل ہیں۔ گرانٹس NYStretch انرجی کوڈ کو اپنانے اور صاف توانائی کمیونٹی مہمات چلانے جیسے اقدامات کی حمایت کے لئے دستیاب کی جاتی ہیں۔ پسماندہ کمیونٹیز کے لئے اضافی فنڈز بھی دستیاب ہیں۔ فنڈز کلین انرجی فنڈ اور ریجنل گرین ہاؤس گیس انیشی ایٹو کے ذریعے فراہم کیے جاتے ہیں۔

**NYSERDA کی صدر اور سی ای او Doreen M. Harris نے کہا،** "مجھے موسمیاتی اور آب و ہوا کی تبدیلیاں کے اثرات کے خلاف سخت اقدامات کرنے پر ان 19 برادریوں کو تسلیم کرتے ہوئے خوشی محسوس ہو رہی ہے اور میں نیویارک سٹیٹ ہومز اینڈ کمیونٹی رینیوئل کا کلائمیٹ سمارٹ کمیونٹیز پروگرام کی حمایت کرنے پر شکریہ ادا کرتی ہوں۔ اخراج کو کم کرنا اور ان کا مقامی طور پر مقابلہ کرنے کی استعداد پیدا کرنا ایسی ترجیحات ہیں جو ہم مل کر حاصل کرسکتے ہیں، اور ہر شراکت داری ہمیں نیو یارک کے تمام باشندوں کے لئے پائیدار مستقبل بنانے کے قریب تر لے آتی ہے۔"

**DEC کا موسمیاتی سمارٹ کمیونٹیز کی فنڈنگ کرنے والا پروگرام**
آج تصدیق شدہ دو کمیونٹیز میں سے بیڈفورڈ اور مونرو کاؤنٹی ٹاؤن کی دو کمیونٹیز نے DEC کے موسمیاتی سمارٹ کمیونٹیز گرانٹ پروگرام کے ذریعے مالی اعانت حاصل کی۔ 2016 میں قائم کردہ یہ 50/50 میچنگ گرانٹ پروگرام سرٹیفکیشن والے اقدامات مکمل کرنے اور ایسے منصوبوں کو نافذ کرنے میں میونسپلٹیوں کی مدد کرتا ہے جو گرین ہاؤس گیسوں کا اخراج کم کریں اور موسم اور آب و ہوا کی تبدیلیوں کے اثرات کا مقابلہ کرنے کی استعداد پیدا کرتے ہیں۔ سنہ 2019 میں بیڈفورڈ نے بچے ہوئی غذا کو ری سائیکل کرنے والے پائلٹ پروگرام کے لئے 37,422$ کی

گرانٹ حاصل کی۔ سنہ 2019 کے بعد سے مونرو کاؤنٹی کو پانچ کلائمیٹ سمارٹ کمیونٹیز گرانٹ منصوبوں کے لئے مجموعی طور پر تقریباً $797,000 کی رقم مل چکی ہے۔ اس کے تازہ ترین ایوارڈز پورے کاؤنٹی کے لئے منصوبہ بندی کی تین دستاویزات تیار کرنے کے لئے ہیں: آب و ہوا کے لاحق خطرے کا جائزہ لینا، آب و ہوا سے مطابقت پیدا کرنے کا منصوبہ، اور ایک نامیاتی منیجمنٹ منصوبہ۔

آج تصدیق شدہ کمیونٹیز میں سے نو کمیونٹیز کو گزشتہ برسوں میں DEC کے میونسپل زیرو ایمیشن وہیکل (ZEV) پروگرام کے تحت ایوارڈز ملے ہیں۔ ZEV پروگرام عوامی استعمال کے لئے الیکٹرک گاڑیوں کے چارجنگ اسٹیشنوں کی تنصیب کے لئے گرانٹس دیتا ہے۔ اس پروگرام کے تحت میونسپل بیڑوں کے لئے الیکٹرک گاڑیوں کی خریداری یا ان کی لیز کی مد میں رعایتیں بھی دستیاب ہیں۔ مثال کے طور پر بیڈفورڈ ٹاؤن کو 2017 اور 2019 کے درمیان تین الیکٹرک گاڑیوں کے لئے اور تین لیول 2 الیکٹرک وہیکل چارجنگ اسٹیشنوں کے لئے ملی جلی گرانٹس کی صورت میں تقریباً $46,000 کی رعایتیں دی گئیں۔

ماحولیاتی سمارٹ کمیونٹیز پروگرام سے منسلک DEC کے مکمل فنڈ شدہ پروگرامز کے بارے میں مزید معلومات یہاں ملاحظہ کریں۔

**پسماندہ کمیونٹیز**
آج تصدیق شدہ کمیونٹیز میں سے سات میں ایسے علاقے شامل ہیں جو نیو یارک کے کلائمیٹ جسٹس ورکنگ گروپ کے پسماندہ برادریوں کے معیار پر پورا اترتے ہیں۔ حال ہی میں مکمل کردہ پسماندہ کمیونٹیز کے طریق کار کی مزید معلومات کے لئے اور کلائمیٹ جسٹس ورکنگ گروپ کی معلومات کے لئے کلائمیٹ ایکٹ کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

**ریاست نیویارک کا ملک میں پہلا موسمیاتی منصوبہ**
ریاست نیویارک کا قومی قیادت کرنے والا موسمیاتی ایجنڈا ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کرتا ہے جس میں خاندان کو مستحکم رکھنے والی ملازمتیں پیدا کی جائیں، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دیا جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ 40 فیصد کے ہدف کے ساتھ، کم از کم 35 فیصد، پسماندہ کمیونٹیز کو صاف ستھری توانائی اور توانائی کی بچت کرنے والی سرمایہ کاریوں کی مراعات دی جائیں۔ ملک کے کچھ انتہائی جارحانہ موسمیاتی اور صاف توانائی کی پہل کاریوں کی رہنمائی میں، نیویارک سنہ 2040 تک کاربن کے صفر کے اخراج والے بجلی کے شعبے کو حاصل کرنے کی راہ پر گامزن ہے، جس میں سنہ 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار، اور وسط صدی تک معیشت میں کاربن سے چھٹکارا شامل ہے۔

اس منتقلی کا ایک سنگِ بنیاد نیو یارک کی صاف توانائی پر بیمثال سرمایہ کاری ہے، بشمول ریاست بھر میں 120 بڑے پیمانے پر قابلِ تجدید اور ترسیلی منصوبوں میں $35 بلین سے زیادہ، عمارتوں کے اخراج کو کم کرنے کے لیے $6.8 بلین، شمسی توانائی کو بڑھانے کے لیے $1.8 بلین سے زیادہ، صاف نقل و حمل کی پہل کاریوں، اور NY گرین بینک کے وعدوں میں $1.8 بلین سے زیادہ۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں 2021 میں نیویارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 165,000 سے زیادہ ملازمتوں اور 2011 سے تقسیم شدہ سولر سیکٹر میں 2,100 فیصد اضافے میں معاونت کر رہی ہیں۔

گرین ہاؤس گیسوں کا اخراج کم کرنے اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لئے نیویارک نے صفر اخراج والی گاڑیوں کے قوائد و ضوابط بھی اپنائے، جن میں تمام نئی مسافر کاریں اور ریاست میں فروخت ہونے والے لائٹ ڈیوٹی ٹرکوں کے لئے -2035 تک صفر اخراج پر عمل کرنا لازمی قرار پایا ہے۔ تقریباً 400 رجسٹرڈ اور 100 سے زائد تصدیق شدہ کلائمیٹ سمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 کلین انرجی کمیونٹیز، اور ریاست بھر میں 10 پسماندہ برادریوں میں ریاست کے سب سے بڑے کمیونٹی ایئر مانیٹرنگ اقدام کے ذریعے نیویارک میں ماحولیاتی اور آب و ہوا والے اقدامات میں پیشرفت کے لئے شراکت داریاں جاری ہیں تاکہ فضائی آلودگی کو ختم کرنے کا ہدف حاصل ہو سکے اور موسمیاتی اور آب و ہوا کی تبدیلیوں کا مقابلہ کی استعداد پیدا کی جا سکے۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں